Maulana Azad National Urdu University
Master of Commerce 1st Year
II Semester Examination - May - 2018
Paper - MMCM204CCT : Managerial Economis (ME)
پرچہ : انتظامی معاشیات

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

443

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال: 1

خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(i) متغیر لاگت کی مثالیں ________________ ہیں۔

(ii) حاصلات بلحاظ پیمانہ کے پہلے مرحلے کو ____________ مرحلہ کہتے ہیں۔

(iii) اشیائے تعیشات کی مثالیں ________________ ہیں۔

(iv) متغیر تناسب کے قانون کا تعلق ______________ مدت ہے۔

(v) عاملین پیدائش ________________ ہیں۔

بتلایئے کہ ذیل کے جملے صحیح ہیں یا غلط۔

(vi) نقطہ توازن پر تاجر کو کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ ( )

(vii) افراطِ زر میں قیمتیں کم ہوتی ہیں۔ ( )

(viii) رسد قیمت کے راست متناسب ہوتی ہے۔ ( )

(ix) اشیائے صارفین پر قانون طلب اثر انداز ہوتی ہے۔ ( )

(x) فنی کفایت اندرونی کفایت ہے۔ ( )

حصہ دوم

2) لاگت کنٹرول اور لاگت تخفیف کے مفہوم کو بیان کیجیے۔

3) فرم (firm) کی تعریف کرتے ہوئے اس کے مقاصد کو بیان کیجیے۔

4) طلب کی پیش قیاسی کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

5) اجارہ داری (Monopoly) سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔

6) متغیر تناسب کا قانون (Law of Variable Proportion) کی وضاحت کیجیے۔

7) افراطِ زر کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے اس کے اقسام کی وضاحت کیجیے۔

8) تجزیہ نقطہ توازن (B E P) مختصر نوٹ لکھیے۔

9) رسد کی تعریف کرتے ہوئے اس پر اثر انداز عوامل کو بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10) انتظامی معاشیات کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے فیصلہ سازی میں اس کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

11) قومی آمدنی کی تعریف کرتے ہوئے اس کی تخمینہ کے مختلف طریقے پر روشنی ڈالیے۔

12) مکمل مسابقتی بازار کی تعریف کرتے ہوئے اس کی خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔

13) کاروباری دور (Business Cycle) کی تعریف کرتے ہوئے اس کے مختلف ادوار کی وضاحت کیجیے۔

14) کفایات (Economies) کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف اقسام پر روشنی ڈالیے۔

☆ ☆ ☆